Session 9th
No 23
Date 8-8-2025
Department Health

تحریک استحقاق

منجانب: شازیہ جدون، ایم پی اے۔

جناب سپیکر صاحب

میں مورخہ 30 جولائی 2025 کو رات گیارہ بجے کے قریب ایبٹ آباد سے ہری پور آ رہی تھی۔ کہ اچانک میری طبیعت خراب ہو گئی تھی میں ایمرجنسی کی صورت میں اپنا چیک اپ کرانے کے لیے ٹراما سنٹر ہری پور گئی لیکن ٹراما سنٹر میں لیڈی ڈاکٹر کے روم کے سامنے ایک دو بنچ پڑے تھے اور وہ اندر آرام فرما رہی تھیں۔ جس پر میں نے پاس کھڑے ملازم سے پوچھا تو اس نے کہا میڈم سو رہی ہیں آپ دوسرے کمرے میں مرد ڈاکٹر سے چیک کروا لیں میں نے اسے کہا کہ میں تو مرد ڈاکٹر سے چیک کرا لوں گی لیکن یہ جو باہر بار بردہ خواتین مریض بیھٹی ہیں یہ تو لیڈی ڈاکٹر سے ہی چیک کروانے کا انتظار کر رہی ہیں تو وہ ملازم بولا کہ آپ ہیں کون؟ آپ نے جو کرنا ہے کر لیں میں لیڈی ڈاکٹر کو نہیں جگاؤں گا۔ جب کہ میں نے اسے کہا میں عوام ہوں زرہ محتاط اور ذمہ دارانہ رویہ اختیار کریں، یوں بدتمیزی کرنا یا تڑی لگانا قطعی طور پر مناسب نہیں، انھیں مزید کہا کہ نائٹ ڈیوٹی، ڈیوٹی کے لیے ہوتی ہے سونے کے لیے نہیں ہوتی، کیونکہ مریض ٹراما میں ڈاکٹر کے لیے آتے ہیں اور انھیں بر وقت ڈاکٹر کی سہولت ملنی چاہئے۔ لیکن وہ چیخ چیخ کر باتیں کر رہا تھا۔ اس کی اس بدتمیزی اور نازیبا رویئے سے میرا ہی نہیں بلکہ پورے ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔ لہذا اس کو استحقاق کیمٹی کے احوالے کیا جائے۔

[signature]
شازیہ جدون
MPA

PRIVILEGE MOTION
Session No. 9th
Notice No. 23
Received Time 9:50
Received Date 8/8/2025
From Mr/Ms شازیہ جدون MPA
[signature]